سوال

(44)حضرت شاہ دولہ کی منت پر جوچوہے چوہیاں پیدا ہوتے ہیں   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حضرت شاہ دولہ صاحب از گجرات کی منت پر جوچوہے چوہیاں پیدا ہوتے ہیں اس کی کیا وجہ ہے ؟ جبکہ موتے کو سماع نہیں ہے تو پھر یہ کرامت تو ظاہر ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شاہ دولہ کا چوہا منت ماننے سے پیدا نہیں ہوتا۔ بلکہ مجاور ایسے چھوٹے سر والے لڑکوں کو دور دراز مقام پر تلاش کر کے لاتے ہیں اور مشہور کرتے ہیں کہ منت سے پیدا ہوا ہے علاوہ اس کے یہ کیسی کرامت ہے کہ اچھی صورت کی بجائے بد صورت بچہ پیدا ہو۔ اس لئے یہ محض بناوٹ ہے ، (اخبار اہلحدیث امرتسر جلد نمبر ۳۳ شمارہ نمبر ۷)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 10 ص 91

محدث فتویٰ